# نقش گری (ٹھپّہ کام)

## (۱) ہاتھوں سے ٹھپّہ کام

آپ اپنے ہاتھ تو دھوتے ہی ہیں۔ اسی لیے ہاتھ صاف رہتے ہیں۔ اپنے ہاتھوں پر غور کیجیے۔ ہاتھوں پر کیا دِکھائی دیتا ہے؟ اس پر مختلف قسم کی لکیریں دِکھائی دیتی ہیں۔ کچھ چھوٹی، کچھ بڑی، کچھ ہلکی، کچھ گہری، کچھی سیدھی لکیریں... کیا تصویر بنانے کے لیے ان لکیروں کا استعمال کیا جاسکتا ہے؟ آیئے دیکھیں۔

**وسائل :** کاغذ، مختلف واٹر کلر، اسکیچ پین، پانی وغیرہ۔

ہاتھوں پر مختلف رنگ لگایئے۔ یہ رنگ زیادہ ہلکے یا زیادہ گہرے نہ ہوں۔ مناسب مقدار میں رنگ لے کر ہاتھوں پر رنگ کی ایک جیسی تہہ لگا لیجیے۔ ایک کاغذ پر ان ہاتھوں کے ٹھپے لگایئے۔ واہ! کتنے خوب صورت لگتے ہیں یہ ٹھپے۔ آیئے، تھوڑی مشق کرلیں۔

دونوں ہاتھوں کے ٹھپے جوڑ لیجیے۔ خوب صورت تتلی نظر آئے گی۔ اسکیچ پین سے اس پر آنکھیں اور دوسرے اعضا بنایئے۔ ہے نا مزیدار! آیئے، دیکھیں، اور کیا کیا بنایا جاسکتا ہے۔









**میری سرگرمی :** ہاتھ کے ٹھپے استعمال کر کے مختلف ڈیزائن بنایئے۔

♦ جماعت کی باہری دیوار پر کاغذ لگائیں۔ اس پر تمام طلبہ کو اپنی پسند کے ہاتھوں کے ٹھپے بنانے کو کہیں۔ ان کا مشاہدہ کرنے کے بعد طلبہ کو کسی بھی ٹھپوں پر اپنے تصوّر کی مدد سے تصویر بنانے کے لیے کہیں۔

## (۲) چرمرائے کاغذ سے ٹھپّہ کام

کاغذ سب کو پسند آتا ہے۔ کچھ طلبہ کو کاغذ کی تہہ کرنا، پھاڑنا یا چرمرانا پسند ہوتا ہے۔ آیئے، کاغذ سے مزیدار کھیل کھیلیں۔

چرمرایا کاغذ ہم پھینک دیتے ہیں۔ لیکن اس سے بھی تصویر بنائی جاسکتی ہے۔ اس کے لیے ہمیں مختلف واٹر کلر/ پوسٹر کلر، کاغذ، تصویر سازی/فنِ مصوری کی بیاض کی ضرورت ہوگی۔





### کیا کرنا ہے؟

(۱) ایک کاغذ لے کر اسے ہاتھوں سے چُرمُرا کیجیے۔

(۲) چُرمرائے ہوئے کاغذ کا مشاہدہ کیجیے۔


(۳) چُرمرائے کاغذ کو رنگ کے ڈبے میں ڈال کر بھگو لیجیے۔

(۴) بیاض میں اس سے ٹھپے بنائیے۔


(۵) ٹھپوں سے تصویر بنائیے۔

(۶) ٹھپوں کا مشاہدہ کیجیے۔









**میری سرگرمی** : چُرمرائے ہوئے کاغذ کے ٹھپوں سے مختلف تصویریں بنائیے۔

- بچوں کے گروہ بنا کر چرمرائے ہوئے کاغذ سے تصویریں بنوائیں۔
- مختلف قسم کے کاغذ جمع کرنے کی سرگرمی/ پروجیکٹ بچوں کو دیں اور ان کاغذوں کے ٹھپوں کے فرق کا مشاہدہ کرنے کو کہیں اور اس پر مباحثہ کرائیں۔

# کولاج کام

## • یکساں کولاج

پچھلی جماعت میں ہم نے کولاج بنانا سیکھا تھا۔ اب ہم کولاج بنانے کی مختلف قسمیں سیکھیں گے۔ اس کے لیے درج ذیل وسائل کی ضرورت ہوگی۔

**وسائل :** مختلف رنگوں کے کاغذ، قینچی، گوند وغیرہ۔


- رنگین کاغذ سے مثلث، دائرہ، چوکون وغیرہ شکلیں کاٹ لیجیے۔
- سفید ڈرائنگ پیپر پر ایک چوکون بنائیے۔
- کاٹی ہوئی شکلوں کو اپنی مرضی سے اس چوکون میں چپکائیے۔ ایک خوب صورت کولاج تیار ہوگا۔ اسی طریقے سے مختلف کولاج بنائیے۔ اس قسم کے کولاج میں رنگین پنسل، کھریا، واٹرکلر کی بجائے رنگین کاغذ، کپڑوں کی کترن، منکے، بیج وغیرہ استعمال کر کے خوب صورت کولاج تیار ہوتا ہے۔



مختلف رنگین کاغذ



مستطیل کاغذ



نصف تہہ کیا ہوا کاغذ



دوسرا نصف شکل کا
کاغذ اندر رکھ لیجیے۔



قینچی سے کاٹی ہوئی شکل







ایک جیسی سائز کے کاغذ
چپکا کر مکمل کیا ہوا کولاج



**میری سرگرمی :**

- رنگین کاغذ کی بجائے سلائی کام کی رنگین کپڑوں کی کترن کا استعمال کر کے کولاج بنائیے۔

♦ بے کار کاغذ، کپڑوں کے ٹکڑوں اور دیگر چیزوں کی مدد سے کولاج بنانے میں طلبہ کی رہنمائی کریں۔

## (ا) رنگوں کے مختلف ذرائع

**شکیل** : میری تصویر تو تیار ہوگئی ہے لیکن میں کون سے رنگ استعمال کروں؟

**انعم** : تمھارے پاس کون سے رنگ ہیں؟

**شکیل** : میرے پاس روغنی کھریا کے رنگ ہیں۔

**انعم** : ارے واہ ! روغنی کھریا سے تو تصویروں کو بہت اچھا رنگ دیا جاسکتا ہے۔ میرے پاس رنگین پنسلیں ہیں۔ کیا ہم انھیں استعمال کر سکتے ہیں؟

**باجی** : ہمارے پاس جو رنگ ہوتے ہیں ہم وہی استعمال کرتے ہیں لیکن رنگوں کی بھی بہت ساری قسمیں ہوتی ہیں۔ انھیں رنگوں کے ذرائع کہتے ہیں۔

**شکیل** : باجی، کیا آپ ہمیں بتائیں گی کہ وہ کون کون سے رنگ ہیں؟

**باجی** : ضرور ... ویکس کریانس یا پیسٹل، آئیل پیسٹل یعنی روغنی کھریا، پلاسٹک کریانس، رنگین پنسل، اسکیچ پین، مارکر، آب رنگ جسے 'واٹر کلر' کہتے ہیں اور پوسٹر زکلر۔ اس طرح رنگوں کی بہت ساری قسمیں ہیں۔

**انعم** : رنگوں کی اتنی ساری قسمیں ہوتی ہیں؟ ارے واہ! کیوں نہ ہم بھی ان مختلف رنگوں کو استعمال کر کے دیکھیں۔

**باجی** : ہر قسم کے رنگ کو استعمال کرنے کا طریقہ مختلف ہوتا ہے۔

**انعم** : ہمیں جس قسم کے رنگ دستیاب ہیں، انھیں کو استعمال کر کے دیکھتے ہیں۔

**شکیل** : ہاں! رنگوں کی ان ساری قسموں کا استعمال خوب مزیدار ہوگا۔



**میری سرگرمی** : آپ کے پاس دستیاب رنگوں کا استعمال کر کے تصویروں کو رنگ کر دیکھیے۔

♦ طلبہ کو مختلف رنگوں کے ذرائع کی پہچان اور معلومات فراہم کریں۔

## (۲) قدرتی رنگ

ہمارے آس پاس رنگ برنگی پھول، پتے اور پھل ہوتے ہیں۔ ان سے جو رنگ بنایا جاتا ہے انھیں قدرتی رنگ کہا جاتا ہے۔ مختلف رنگوں کے پھولوں، پتوں اور پھلوں میں پانی ملا کر یا انھیں کوٹ کر عرق نکالا جاتا ہے اور اس سے رنگ بنایا جاتا ہے۔






















| رنگ | قدرتی جز |
|---|---|
| پیلا | گینڈا، ہلدی، آمبے ہلدی، پیلے رنگ کے پھول |
| لال | سندور، پلاس کے پھول، گلاب، شہتوت |
| گہرا گلابی | انار کا رس، شلجم |
| جامنی | جامن |
| زعفرانی | زعفرانی رنگ کے پھول |
| چاکلیٹی | اینٹ |
| خاکستری | راکھ |
| کالا | کوئلہ، جلی ہوئی لکڑی |
| سفید | چونا، پنسل/کھریا کا برادہ، چاول کا پیسٹ |
| ہرا | مختلف درختوں کے پتے |
| نیلا | نیل، نیلے رنگ کے پھول |

### میری سرگرمی :

- قدرتی رنگ تیار کیجیے اور تصویروں کو اسی سے رنگیے۔
- قدرتی رنگ تیار کر کے ان کے بارے میں لکھیے۔



♦ درج بالا کے مطابق اور اس کے علاوہ بھی قدرتی رنگ بنا کر تصویریں رنگنے کے لیے کہیں۔ قدرتی رنگ بنانے کے لیے دستیاب وسائل کا استعمال کروائیں۔